## IGI طریقہ کار اور رہائش کے مراکز:

### 1. علاقائی مرکز برائے قیام (ریجنل سنٹر فار ایکوموڈیشن) اور پناہ گزینوں کے لیے طریق کار - بخاریسٹ

**پتہ**: بخارسٹ، سڑک واسیلے ستولنیکول، نمبر 15، بلاک 13سیکٹور2

**فون**: 021–240 8774

فیکس: 021–240 8510

**ای میل**:c.bucuresti.igi@mai.gov.ro

### 2. علاقائی مرکز برائے قیام اور پناہ گزینوں کے لیے طریق کار - ٹیمیشؤارا

**پتہ**: تیمیشوارہ سڑک آرمونی نمبر 33، تیمیش

**فون**: 0256.421.240؛

**فیکس**: 0256.227.500

**ای میل**: c.timisoara.igi@mai.gov.ro

### 3. علاقائی مرکز برائے قیام اور پناہ گزینوں کے لیے طریق کار- جورجیو

**پتہ**: جورجیو، بولیوار ڈ 1907

**فون**:0246 – 215056؛

**فیکس**:0246 - 215055

**ای میل**:c.giurgiu.igi@mai.gov.ro ،

### 4. علاقائی مرکز برائے قیام اور پناہ گزینوں کے لیے طریق کار - ماراموریش

**پتہ**: شومکوتسہ مارے، سڑک چیتاتسی، نمبر 1A - ماراموریش,

**فون**:0262 - 280005

**فیکس**:0262 - 280004

**ای میل**: c.maramures.igi@mai.gov.ro

### 5. علاقائی مرکز برائے قیام اور پناہ گزینوں کے لیے طریق کار - ردووتسے

**پتہ**: ردووتس، سڑک پریلور نمبر2 ، سوچیاوا

**فون**:0230 - 564462; 0230 – 564463؛

**فیکس**:0230 - 564464

**ای میل**:c.radauti.igi@ mai.gov.ro

### 6. علاقائی مرکز برائے قیام اور پناہ گزینوں کے لیے طریق کار - گلاتسے

**پتہ**: گالاتس، سڑک سوینیشت نمبر 2

**فون**: 0236-323878؛ فیکس:0236-323884

**ای میل**:c.galati.igi@mai.gov.ro

## دلچسپی رکھنے والے ادارے:

### 7. UNHCR رومانیہ

**پتہ**: ، اقوام متحدہ بلیوارڈ پریماویری A48، سیکٹر1 ، بخارسٹ رومانیہ 1 011975

**فون**: 78773 201 21 40 +؛

**فیکس**:1594 210 21 40 +

**ہاٹ لائن**:651 653 723 40+

**ویب**:*www.unhcr.org/romania.html*

**ای میل**: rombu@unhcr.org

کام کے اوقات پیر تا جمعہ 9:30 - 17:30تک ہیں

### 8. رومانیہ میں کلیساؤں کی متحدہ انجمن - AIDRom

انتظامی دفتر:

**پتہ**: ، سڑیٹ الاری چندی نمبر 14، سیکٹور2، بخارسٹ رومانیہ

**فون**: 021.212.48.68

**فیکس**: 021.210.72.55

**ویب**: www.aidrom.ro

**ای میل**: et@aidrom.eunet.ro

aidrom@gmail.com

### 9. رومانین نیشنل کونسل فار ریفیوجیز (CNRR)

**پتہ**: سڑیٹ ویسپاریلور ، نمبر 19 ، سیکٹور2 ، بخارسٹ رومانیہ

**فون/ فیکس**: 10 62 312 021 4+؛

+4 031 405 02 75؛

**ویب**: www.cnrr.ro

**ای میل**: office@cnrr.ro

### 10. AIDROM ٹیمیشورا

**پتہ**: سڑیٹ گیورگے شینکاے ، نمبر 9 ، ، رومانیہ

**فون**: ;0256.217.096

**ویب**: www.aidrom.ro

**ای میل**: aidrom@gmail.com

eliza.fratczak@aidrom.ro




UNIUNEA EUROPEANA — Proiect finanțat de Uniunea Europeană

Ministerul Afacerilor Interne — Direcția Fonduri Externe Nerambursabile

Ministerul Afacerilor Interne — Inspectoratul General pentru Imigrări

aidrom — ASOCIAȚIA ECUMENICĂ A BISERICILOR DIN ROMÂNIA

FUNDAȚIA Consiliul Național Român pentru Refugiați — C.N.R.R.

## " A.C.A.S.A -سیاسی پناہ کے متلاشی افراد کے لئے سماجی تعاون "-

## 2020 – 2022

### پروجیکٹ کا عمومی مقصد

پروجیکٹ کے عمومی مقصد کی نمائندگی، ایک تکمیلی سماجی اور مادی اعانت کے نظام اور خصوصی خدمات کے ذریعہ رومانیہ میں پناہ گزینوں کی صورتحال میں بہتری سے ہوتی ہے، جس کا مقصد رومانیہ میں پناہ گزینوں کی زندگی کے معیارات کو بہتر بنانا ہے۔

بجٹ لائن:

**پناہ گزینی، ترک وطنی اور انضمام / انٹگریشن کے لیے فنڈ**

**حوالہ نمبر**: ***FAMI/20.02.03.03***

**اس پروجیکٹ کے ذریعے درج ذیل خدمات پیش کی جاتی ہیں:**

- اعانت، صلاح کاری اور تکمیلی سہولیات، جو مجموعی طور پر سماجی - معاشی حقوق اور قانونی ذمہ داریوں سے متعلق معلومات کی فراہمی پر مشتمل ہے (ان کے علاوہ جن کا حوالہ پناہ گزینی کے طریق کار میں دیا گیا ہے)؛
- پروجیکٹ میں مندرج پناہ گزینوں کے لیے دستیاب سرکاری خدمات تک رسائی میں میں مدد، جو ان چیزوں سے متعلق ہے: لیبر مارکیٹ، تعلیمی نظام، سوشل انشورنس سسٹم، رہائش حاصل کرنا اور ثقافتی تعارف؛
- آمد کے حالات اور معیارات زندگی کو بہتر بنانے کے لیے پناہ گزینوں کو عطا کردہ مؤثر مادی اعانت؛
- رومانیائی معاشرے سے واقفیت اور اس سے مانوس ہونے سے متعلق سرگرمیاں (بچوں ، بالغوں کے لیے رومانیائی زبان کے کورسز، تفریحی - ثقافتی سرگرمیاں، رومانیائی معاشرے کی خصوصیات سے مطابقت کے لیے پیشہ وارانہ اہلیت کا فروغ، مراکز کے ساتھ ساتھ معاشرے میں بھی بقائے باہمی کے اصول وغیرہ)۔

Urdu - 2022

# کیا آپ رومانیہ میں پناہ کے طالب ہیں؟

## آپ کے درج ذیل حقوق اور سماجی ذمہ داریاں ہیں:

### 1. حقوق

a) آپ ثقافتی موافقت والی سرگرمیوں میں حصہ لے سکتے ہیں؛

b) اگر آپ کے پاس اپنے گزارہ کے لیے مطلوبہ وسائل نہیں ہیں تو، آپ کے درخواست کرنے پر (جیسے کھانا، حفظان صحت سے متعلق مواد، لباس اور جوتے، نقل و حمل)، ، پناہ گزینی کی پوری کارروائی کے دوران مطلوبہ اعانت سے استفادہ کرسکتے ہیں؛

c) اگر آپ کے پاس اپنے گزارہ کے لیے مطلوبہ وسائل نہیں ہیں تو آپ کو پناہ گزینوں کے استقبالیہ اور رہائشی مرکز میں رہائش فراہم کی جاسکتی ہے؛

d) **اگر آپ معذور (خصوصی ضروریات والے) فرد ہے** تو، آپ ان سہولیات اور اعانتوں سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں جو آپ کے حالات کے موافق ہوں؛

e) اگر آپ فوری یا دیرینہ مرض میں مبتلا ہیں جس کے سبب آپ کی زندگی کو فوری خطرہ درپیش ہے تو، آپ ہنگامی طبی اعانت اور مستند ابتدائی طبی امداد کے ملکی سسٹم کے ذریعہ مفت ابتدائی طبی نگہداشت اور ہسپتال کی ہنگامی نگہداشت، ساتھ ہی مفت معالجہ حاصل کرسکتے ہیں؛

f) آپ کو نیشنل پبلک ہیلتھ پروگرامز میں شامل کیا جاسکتا ہے جس کا مقصد چھوت والی بیماریوں کو روکنا، اس کی نگرانی اور ان پر قابو پانا ہے۔

g) **اگر آپ معذور (خصوصی ضروریات والے) فرد ہیں** تو، آپ کو حسب ضرورت طبی مدد حاصل ہوسکتی ہے۔

h) آپ کو نافذ العمل قوانین کے مطابق سوشل اسسٹنس حاصل ہوسکتی ہے۔

i) اگر پناہ گزینی کی کارروائی قانونی عدالت میں جاری ہے یا پناہ گزینی کی کارروائی شروع ہوئے 3 مہینے گزر چکے ہیں اور جنرل انسپکٹوریٹ آف امیگریشن نے اس کے بارے میں فیصلہ جاری نہیں کیا ہے، اور تاخیر آپ کی وجہ سے نہیں ہوئی ہے تو آپ لیبر مارکیٹ میں رسائی حاصل کرسکتے ہیں۔ اس صورتحال میں ، رومانیہ کے شہریوں کو قانون کے ذریعہ فراہم کردہ شرائط کے تحت ، روزگار کی حوصلہ افزائی کے اقدامات کے ساتھ ساتھ بے روزگاری انشورنس نظام کے اندراور تحفظ سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

j) اگر آپ کمسن ہیں تو، آپ کو ان کمسن بچوں کی شرائط کے تحت جو رومانیا کے شہری ہیں آپ اسے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ لازمی پری اسکول اور اسکولی تعلیم تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے۔

o) رومانیہ کے تعلیمی نظام تک رسائی کو آسان بنانے کے لئے، کم سن بچوں کو قومی تعلیم کے نظام، مفت کورسیز میں داخلہ دیاجائیگا تا کہ وہ رومینین زبان سیکھے اور رومانیہ کے تعلیمی نظام سیکھے۔ کورس کے اختتام پر، ایک کمیٹی ان کی رومانیہ زبان کی سطح کا اندازہ لگائیگا اور اس کے بعد ان کو دوسرے کلاسز میں بھیجا جائے گا۔

## ابتدائی سماجی حقوق اور مالیاتی تعاون تک رسائی:

a. آپ سوشل اسسٹنس بینیفٹس کے مستحق ہیں، درخواست کرنے پر منظور کی جاتی ہے۔

b. درخواست کرنے پر آپ کو غذا کی مد میں 12 RON تک / فرد / دن لباس کی مد میں 200 RON تک / فرد / موسم گرما میں اور 135 RON تک / فرد / موسم سرما میں اور دیگر اخراجات کی مد میں، جو مقامی ذرائع نقل و حمل، ثقافتی خدمات، پریس، مرمت اور رکھ رکھاؤ کی خدمات، عدالت / ٹریبونل میں نقل و حمل کا پیسہ. ،ذاتی حفظان صحت کے پروڈکٹس کے لیے،12 RON / فرد / دن کا پیسہ مل سکتا ہے۔

c. . جب پناہ گزینوں کے استقبالیہ اور قیام کے مراکز میں تعداد گنجائش سے بڑھ جاتی ہے تو، جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن، دستیاب فنڈز کی حد کے لحاظ سے، پناہ گزینوں کو بعض رہائشی مقامات کرایے پر لینے کے لیے ہیں (808 لی / شخص / مہینہ)۔ نیز، 145 RON /شخص/موسم گرما اور 185 RON/شخص/موسم سرما میں دیکھ بھال کے اخراجات کو پورا کرنے کے لیے مادی امداد دی جاتی ہے۔ خاندانوں کے معاملے میں، رقم اس کے ارکان کی تعداد کے مطابق شمار کی جاتی ہے۔

**d. اگر آپ قیام سے متعلق علاقائی مراکز کے داخلی ضوابط اور جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن کے طریق کار کی پابندی نہیں کرتے ہیں، یا اگر آپ اپنی قانونی ذمہ داریوں کی تعمیل نہیں کرتے ہیں تو، جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن ابتدائی داخلے کے لیے مالیاتی حالات کو محدود کرسکتی ہے یا واپس لے سکتی ہے۔**

### 2. ذمہ داریاں:

a ) **رومنی قوانین کا احترام کرنا اور مجاز سیاسی پناہ کی حکام کی طرف سے فیصلے کو قبول اور اس پر عمل کرنا۔**

b ) آپ وزارت داخلہ کے علاقائی اداروں کے پاس، تحریری طور پر، **ایک معقول درخواست** جمع کروانے کے پابند ہیں جس میں اس ادارے کے ذریعہ طلب کردہ تمام ڈیٹا موجود ہوں جہاں آپ اسے جمع کروارہے ہیں، ساتھ ہی آپ کو اپنی تصویر اور فنگرپرنٹ جمع کروانے کی بھی اجازت دینی ہوگی۔ ان غیر ملکیوں کے **فنگر پرنٹ نہیں لیے جانے چاہئیں جن کی عمر 14 سال نہیں ہے؛**

c) آپ مستند اتھارٹیز کے پاس، اپنی ذات سے متعلق درست اور **مکمل معلومات** جمع کروانے اور پناہ کی درخواست کرنے کے پابند ہیں؛

d) آپ وہ **تمام دستاویزات جمع کروانے کے پابند ہیں جو آپ کے پاس دستیاب ہوں** اور آپ کی ذاتی صورتحال سے متعلق ہوں؛

e) آپ **رومانیہ کی سرحد سے گزرنے کے لیے تمام دستاویزات جمع کروانے کے پابند ہیں** اس کے بعد آپ کو پناہ گزینوں کے لیے ایک عارضی دستاویز دیا جائے گا (جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن کے ذریعہ جاری کردہ)

f) آپ کارروائی کی صورتحال کی پیروی کرنے اور رہائش میں کسی تبدیلی کے بارے میں جنرل انسپکٹوریٹ فار امیگریشن کو آگاہ کرنے کے پابند ہیں؛

g) آپ پناہ (ایمیگریشن) والے اہلکاروں کی درخواستوں کا جواب دینے کے پابند ہیں؛

i) آپ ان طبی معائنوں میں حاضر ہونے کے پابند ہیں ، جو آپ کے لیے مقرر کیے گئے ہوں، ساتھ ہی ٹیکہ لگوانے پر آمادگی ظاہر کرنے کے پابند ہیں؛

i) مستند اتھارٹیز کی درخواست پر آپ اپنے جسم کی اور اپنے پاس موجود چیزوں کی تلاشی دینے کی اجازت دینے کے پابند ہیں۔

j) آپ ایسی صورت میں پناہ گزینی کی کارروائی کی تکمیل کے بہ مطابق 15 دنوں کے اندر اندر رومانیہ کی عملداری کو چھوڑنے کے پابند ہیں، اگر آپ کو بین الاقوامی تحفظات کی منظوری نہیں دی جاتی ہے، سوائے ایسے معاملے کے جس میں پناہ گزینی کی درخواست کو واضح طور پر ثبوت سے تصدیق شدہ نہ ہونے کے سبب اسراع یافتہ طریق کار کے تحت کیے گئے تصفیہ کی تعمیل میں مسترد کیا گیا ہو، اس صورت میں آپ کے لیے رومانیہ کی عملداری کو پناہ گزینی کی کارروائی مکمل ہوتے ہی جلد از جلد چھوڑنا ہوگا۔

**قیام سے متعلق علاقائی مراکز کے داخلی ضوابط اور پناہ گزینی کے طریق کار کے مطابق،** انضباطی خلاف ورزیوں کے لیے، عمل کی سنگینی کے لحاظ سے، تدریجی اور تناسبی طور پر آپ کو **سزا دی جاسکتی** ہے، جس میں درج ذیل شامل ہے:

**/12 RON فرد/ دن، مقامی ذرائع نقل و حمل، ثقافتی خدمات، پریس، مرمت اور رکھ رکھاؤ کی خدمات، ذاتی حفظان صحت کے پروڈکٹس سے متعلق اخراجات کی ایک مہینے سے تین مہینے تک کے لیے معطلی!**

**مرکز سے 24 گھنٹوں یا 7 دنوں کے لیے عارضی اخراج!**

**مرکز سے مستقل طور پر اخراج!**